رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of دھلوی
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com
25 YEARS TRUST MERIT

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی • ممبئی • کولکاتا • لکھنؤ • گورکھپور • کانپور • پٹنہ • حیدرآباد • اورنگ آباد • اور بنگلور سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA HYDERABAD
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru
HYDERABAD: Friday, 24 May, 2024 Pages: 08 ₹5 Vol:18 Issue : 232 ○ ایثار ○ فرض شناسی ○ حب الوطنی | یعنی مکمل سچ | حیدرآباد، جمعہ، 24 مئی 2024، مطابق، 15 ذی القعدہ 1445ھ

بی جے پی، خواتین کو دوسرے درجہ کا شہری سمجھتی ہے

کانگریس، آئین کے تحفظ کیلئے جنگ لڑ رہی ہے۔ کنہیا کمار کے انتخابی جلسہ سے راہول گاندھی کا خطاب

نئی دہلی، 23 مئی۔ (ایف اے صدیقی/ایس این بی/انجنیئر) شمال مشرقی دہلی کے دشاد گاردن، جی ٹی بی انکلیو میں انتخابی جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی نے کہا کہ بی جے پی/ملک کے آئین اور ریزرویشن کو ختم کرنے کا کوئی حق نہیں ہے، وہ یہ خواب دیکھنا چھوڑ دے اور ملک کے کروڑوں عوام کسی بھی صورت میں ایسا نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے عوام سے مطالبہ کیا کہ یہ الیکشن آئین کو بچانے کا انتخاب ہے، اس لیے ملک کے لوگوں کو وقت پر سمجھنا چاہیے کہ انہیں کس کی حمایت کرنی چاہیے اور کس کی نہیں۔ کانگریس لیڈر شمال مشرقی دہلی لوک سبھا سیٹ سے کانگریس کے امیدوار کنہیا کمار کے جلسہ عام سے خطاب کر رہے تھے، جس میں انہوں نے پی ایم نریندر مودی پر شدید حملہ کیا۔ راہل گاندھی نے کہا کہ اس الیکشن میں لڑائی آئین کے تحفظ کی ہے۔ ہندوستان کے کروڑوں لوگ کھڑے ہیں، کانگریس پارٹی کھڑی ہے، اگر آپ نے آئین کو بدلنے کی کوشش بھی کی تو آپ دیکھتے کیا ہوتا ہے۔ کنہیا کمار میں کسانوں کی سمجھ ہے اور بین الاقوامی مسائل کی بھی سمجھ ہے۔ اگر کنہیا مجھ سے کہے کہ میں بایلوجیکل (حیاتیاتی) نہیں ہوں، مجھے پرماتما نے بھیجا ہے تو میں کہوں گا کہ بھائی یہ باہر مت کہہ دینا۔ لیکن مودی جی کہتے ہیں کہ میں بایلوجیکل نہیں ہوں، مجھے پرماتما نے بھیجا ہے۔ اگر کوئی راہ چلتا شخص یہ کہے کہ تو ہم کہیں گے کہ آپ جاؤ! پتا کام کرو اور نہیں اپنا کام کرنے دو لیکن پی ایم کی

ایسی بات پر چھچھورے واہ واہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی کا ماننا ہے کہ خواتین کیسا تھ دوسرے درجے کے شہریوں جیسا سلوک کرنا چاہیے اور اس کی نظریاتی پرسپکٹ آر ایس ایس اپنی شاکھاؤں میں خواتین کو داخل ہونے کی اجازت نہیں دیتی۔ شمال مغربی دہلی کے لوک سبھا امیدوار ادت راج کی تائید میں مٹکول پوری علاقہ میں خواتین کے انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے راہول گاندھی نے کہا کہ بی جے پی نے دھوم دھاڑ کے کیساتھ پارلیمنٹ میں خواتین تحفظات بل کو منظور کیا۔ لیکن کہا کہ اس پر 10 سال بعد عمل کیا جائیگا۔ چھٹویں مرحلے کیلئے مہم کے آخری دن راہول گاندھی نے میٹرو میں سفر کیا اور لوگوں سے بات چیت کی۔ سابق صدر کانگریس نے ایکس پر لکھا کہ انھوں نے کئی ساتھی مسافروں سے بات چیت کی اور ان کے حالات کے بارے میں دریافت کیا۔ مجھے خوشی ہے کہ دہلی میں میٹرو لائن کی ہماری پہل عوامی عمل نقل کے لئے سہولت بخش ثابت ہوئی ہے۔ انتخابی جلسے سے خطاب میں راہول گاندھی نے کہا کہ کام کرنے والی خواتین کو گھر جانے کے بعد دوسری شفٹ کرنی پڑتی ہے اور ان کی کوششیں نظر انداز کی جاتی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ہندوستان میں ہم سماج کے ہر طبقے کی بات کرتے ہیں لیکن کام کرنے والی خواتین کے گھروں میں کام کا کوئی ذکر نہیں ہوتا۔ جب وہ دن بھر کام کے بعد گھر لوٹتی ہیں، انھیں دوسری شفٹ کرنی پڑتی ہے۔ انھیں بچوں کا خیال کرنا پڑتا ہے، کھانا بنانا پڑتا ہے، دوسرے کام کرنے پڑتے ہیں لیکن انھیں اس شفٹ کیلئے کوئی پیسہ نہیں ملتا۔ انڈیا کو اقتدار پر آنے پر مہالکشمی یوجنا شروع کرنے کے وعدے کو دہرایا۔ اس اسکیم کے تحت کانگریس نے سطح غربت سے نیچے زندگی گزارنے والے خاندانوں کی خواتین کو ماہانہ 8,500 روپے اور سالانہ ایک لاکھ روپے دینے کا وعدہ کیا۔

58 لوک سبھا اور اوڈیشہ اسمبلی کی 42 نشستوں کیلئے انتخابی مہم ختم

نئی دہلی، 23 مئی۔ (انجنیئر) لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے میں قومی راجدھانی کی 7 سیٹوں سمیت 8 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی 58 لوک سبھا سیٹوں کے ساتھ ساتھ اوڈیشہ اسمبلی کے تیسرے مرحلے میں 42 سیٹوں پر انتخابی مہم کا شور جمعرات کی شام 6 بجے بند ہوگیا۔ ان سیٹوں پر ووٹنگ ہفتہ 25 مئی کو ہوگی۔ عام انتخابات کے چھٹے مرحلے کے لیے محکمہ الیکشن کمیشن کے ڈیوٹیک ویب لائسنس (این ڈی اے) اور اپوزیشن اتحاد انڈیا کے اسٹار پرچارکوں نے اپنی اتحادی پارٹی کے رہنماؤں کے ساتھ عوامی جلسوں اور روڈ شوز وغیرہ کے ذریعے اپنے امیدواروں کیلئے بھرپور مہم چلائی۔ منصفانہ اور آزاد انتخابات کیلئے الیکشن کمیشن کے انتظامات کے مطابق ووٹنگ کا دورانیہ ختم ہونے سے 48 گھنٹے قبل عوامی انتخابی مہم روک دی جاتی ہے۔ اس کے بعد امیدوار اور ان کے حامی ذاتی سطح پر رابطہ کر کے ووٹرز کی حمایت حاصل کر سکتے ہیں۔ لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے کی مہم اپنے عروج پر ہے۔ این ڈی اے اور اپوزیشن اتحاد انڈیا دونوں ان انتخابات میں اپنی اپنی برتری کا دعویٰ کر رہے ہیں۔ اس مرحلے کے اہم امیدواروں میں سنبھل پور اڈیشہ سے بی جے پی کے دھرمیندر پردھان، شمال مشرقی دہلی سے کانگریس کے کنہیا کمار، بی جے پی کے منوج تیواری، سلطان پور اتر پردیش سے بی جے پی کی مینکا گاندھی، جموں و کشمیر کے اننت ناگ۔ راجوری حلقے سے پی ڈی پی کی محبوبہ مفتی، مغربی بنگال کے تملک سے بی جے پی کے ابھیجیت گنگوپادھیائے، کرنال (ہریانہ) سے بی جے پی کے منوہر لال کھٹر، کروکشیتر سے نوین جندل اور گرگاؤں سے راؤ اندر جیت سنگھ شامل ہے۔

غزہ میں اسرائیلی مظالم کیخلاف آکسفورڈ یونیورسٹی میں احتجاج

طلبہ اور پولیس میں ہاتھا پائی کے دوران متعدد طلبہ زخمی



لندن، 23 مئی۔ (انجنیئر) غزہ میں اسرائیلی مظالم کیخلاف آکسفورڈ یونیورسٹی کے طلبہ نے وی سی آفس پر احتجاج کیا جس کے بعد پولیس اور مظاہرین میں جھڑپ ہوئی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق طلبہ اور پولیس میں ہاتھا پائی کے دوران متعدد طلبہ زخمی ہوئے جبکہ پولیس نے دو طالب علموں کو گرفتار کیا جس کے بعد دیگر طلبہ کی جانب سے شدید نعرے بازی کی گئی۔ آکسفورڈ یونیورسٹی وفاتر کو حفاظتی طور پر تالے لگا دیے گئے جبکہ طلبہ نے جامعہ کے دفاتر کے باہر پلے کارڈ آویزاں کیے۔ گزشتہ ماہ لندن میں لاکھوں برطانوی شہریوں نے فلسطینیوں کی آزادی کیلئے مارچ کیا تھا جس کا آغاز پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے سے ہوا تھا۔ لندن کی سڑکیں 'فری فری فلسطین' اور 'اسٹاپ نسل کشی ان غزہ' کے نعروں سے گونج اٹھی تھیں۔ شہریوں نے پارلیمنٹ کے باہر اسرائیل کو دہشتگرد ریاست قرار دینے کا بھی مطالبہ کیا تھا۔ مارچ وزیر اعظم رشی سونک کی رہائش گاہ سے ہوتا ہوا ہائیڈ پارک تک پہنچا تھا۔ اس سے قبل برطانوی وزیر داخلہ سویلا برورمن نے فلسطینیوں کے حق میں کیے جانے والے احتجاج اور مظاہروں کو نفرت مارچ کا نام دیا تھا۔ پچھلے سال ہونے والے مظاہرے میں بھی ہزاروں افراد کے احتجاج کے بعد 9 افراد کو پولیس نے گرفتار بھی کیا تھا جن میں سے پانچ پر نفرت انگیز نعرے لگانے اور پولیس پر حملے کے الزامات لگائے گئے تھے۔

رفح اور جبالیہ پر اسرائیلی بربریت۔ 62 فلسطینی جاں بحق



غزہ، 23 مئی۔ (انجنیئر) اسرائیلی فوج نے غزہ پٹی میں ایک دن میں 62 فلسطینیوں کو شہید کر دیا۔ اطلاعات میں کہا گیا کہ گذشتہ 24 گھنٹوں میں 138 فلسطینی زخمی ہوئے جنہیں ہسپتال لایا گیا۔ ہاچسلس نے ذرائع سے یہ بات بتائی۔ غزہ کے مختلف مقامات پر حملے کئے گئے۔ شمالی غزہ کے جبالیا پناہ گزیں کیمپ میں ایک گھر پر حملے میں 6 فلسطینی جاں بحق ہوئے۔ اسرائیلی فوج نے وسطی غزہ کے صبرہ علاقہ میں فرار ہونے والی ایک ماں اور بیٹی کو گولی ماردی۔ 7 اکتوبر 2023ء کے بعد سے اسرائیل کے حملوں میں کم سے کم 35,709 فلسطینی جاں بحق ہوئے ہیں اور تقریباً 80 ہزار زخمی ہوئے ہیں۔ جنوبی غزہ کے رفح میں بھی کئی کارروائیاں کی گئیں۔ شمالی غزہ کے بیت حنون میں بھاری بمباری کی گئی۔ وسطی غزہ کے الزوید علاقہ میں اسرائیل کے ایک فضائی حملے میں ایک فلسطینی کھیت مزدور ہلاک ہوگیا۔ نصیرات میں بھی بمباری کی گئی۔ نصیرات کیمپ پر ایک گھر پر بمباری میں 8 فلسطینی جاں بحق ہوئے۔ غزہ وسطی میں ایک مسجد پر حملے میں 10 فلسطینی جاں بحق ہوئے۔ بتایا گیا کہ شمالی غزہ کی مسجد فاطمۃ الزہرا پر بمباری کی گئی اس سے کئی افراد زخمی بھی ہوئے۔ اس دوران کم سے کم 7 ہزار فلسطینی لاپتہ ہیں۔

سعودی عرب میں 2 لاکھ ملازمتیں

جدہ، 23 مئی۔ (انجنیئر) ریاض ایئر کے چیف کمرشل آفیسر وسٹ کوسٹ نے خوشخبری سناتے ہوئے کہا ہے کہ نئی شروع ہونے والی ایئر لائن سے مقامی شہریوں کے لیے دو لاکھ کے قریب ملازمتوں کے مواقع فراہم ہوں گے۔ گزشتہ برس سے اب تک کمپنی کے ریجوں ریسورسز کے ادارے کو 10 لاکھ سے زیادہ ملازمت کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں جن میں سے زیادہ تر سعودیوں کی ہیں۔ مختلف ممالک تک ایئر لائن کی سروسز فراہم کی جا سکیں اور ریاض ایئر کے دائرہ کار کو دنیا کے مزید ممالک تک وسعت دی جا سکے تاکہ انسٹیشنز کی تعداد میں اضافہ ہو سکے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارا ارادہ ہے کہ سال 2025 تک ریاض ایئر کو پونگ 'ڈریم لائنرز' کے 72 طیارے مل جائیں جن کی پہلے بکنگ کی جا چکی تھی۔

سارن تشدد، لالو پرساد کی دختر کیخلاف ایف آئی آر

سارن/ پٹنہ، 23 مئی۔ (انجنیئر) بہار کے سارن لوک سبھا حلقہ میں رائے دہی کے دوران بے قاعدگیوں اور جاریہ ہفتہ کے اوائل میں مابعد انتخاب جھڑپوں کے سلسلہ میں درج کی گئی ایک ایف آئی آر میں آر جے ڈی صدر لالو پرساد یادو کی دختر روہنی آچاریہ کا نام درج کیا گیا ہے۔ اس جھڑپوں میں ایک شخص کی موت واقع ہوگئی تھی۔ عہدیداروں نے آج یہ بات بتائی۔ روہنی/سارن میں بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ راجیو پرتاپ روڈی کے خلاف مہاگٹھ بندھن کی امیدوار ہیں۔ ریاستی حکومت نے ضلع میں انٹرنیٹ خدمات مزید 2 دن 25 مئی تک معطل کر دی ہیں۔ مفرور ملزمین کی جائیدادوں کو قرق کرنے کا عمل شروع ہو چکا ہے۔

کوئمبٹور صدر کا فلسطین میں سفارتخانہ کھولنے کا حکم

کوئمبٹور، 23 مئی۔ (انجنیئر) کوئمبٹور صدر نے فلسطین کیساتھ تعلقات بہتر بنانے کیلئے سفارتی اقدامات کرتے ہوئے سفارتخانہ کھولنے کا حکم دیدیا۔ کوئمبٹور حکام کو سفارتخانہ رام اللہ میں کھولنے کا حکم دے دیا۔ کوئمبٹور صدر نے گزشتہ سال فلسطینی سفیر روف المالکی کو اپنے ارادے سے آگاہ کیا تھا جبکہ کوئمبٹور نے رواں ماہ اسرائیل کے ساتھ تعلقات منقطع کرنے کا اعلان کیا تھا۔ کوئمبٹور صدر نے غزہ میں اسرائیل کی کارروائیوں کو نسل کشی قرار دیا تھا اور اسرائیل کے خلاف کارروائی کا مطالبہ بھی کیا تھا۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز اتھین، ناروے اور آئرلینڈ نے بھی فلسطین کو بطور ریاست تسلیم کرنے کا اعلان کیا تھا۔ سعودی عرب کی جانب سے مغربی ممالک کے اس اقدام کا خیر مقدم کیا گیا تھا جبکہ اسرائیلی فلسطینی ریاست کو تسلیم کرنے کے عمل کو جلد بازی قرار دیا تھا۔

بنگلہ دیشی ممبر پارلیمنٹ کے قتل معاملہ میں ایک مشتبہ شخص گرفتار

کلکتہ، 23 مئی۔ (انجنیئر) مغربی بنگال سی آئی ڈی نے بنگلہ دیش کے رکن پارلیمنٹ کے قتل کے معاملے میں ایک شخص کو گرفتار کیا ہے۔ پولس کے ذرائع کے مطابق ملزم سرحدی علاقے کا رہائشی ہے۔ سی آئی ڈی ذرائع کے مطابق قتل کا الزام لگانے والے شخص نے اس نوجوان سے ملاقات کی۔ سی آئی ڈی گرفتار کر کے پوچھ گچھ شروع کر دی گئی ہے۔ بنواڈاؤن میں رہائش گاہ کی سی سی ٹی وی فوٹیج جہاں بنگلہ دیش کے رکن پارلیمنٹ انوار العظیم کو قتل کیا گیا ہے، میں ملزم کو ٹرالی کے ساتھ جاتے ہوئے دکھا گیا ہے۔ بنگلہ دیش پولیس پہلے ہی تین افراد کو گرفتار کر چکی ہے۔ وہ بھی اس فوٹیج میں ہے۔ چونکہ ممبر پارلیمنٹ کی لاش ابھی تک نہیں ملی ہے، سی آئی ڈی کے افسران نے ابتدائی طور شبہ ہے کہ ممبر پارلیمنٹ کی لاش کو ٹرالی کے ذریعے غائب کیا گیا ہے۔ جس مشتبہ شخص کو سی آئی ڈی نے جمعرات کو گرفتار کیا ہے۔ اس کی شناخت زبیر کے طور پر ہوئی ہے۔ انٹیلی جینس کے ذرائع کے مطابق ممبر پارلیمنٹ غائب ہونے سے قبل زبیر سے ملاقات کی تھی۔ عوامی لیگ کے رکن پارلیمنٹ انوار العظیم 12 مئی کو علاج کے لیے کلکتہ آئے تھے۔ پہلے ہریانگر میں ایک دوست کے گھر قیام کیا۔ لیکن دو دن بعد وہ وہ گھر چھوڑ کر کہیں اور چلے گئے۔

چار جیا میں ڈیموکریٹک پرائمری میں راما سوامی کی جیت

واشنگٹن، 23 مئی۔ (انجنیئر) اشون راما سوامی نے جارجیا اسٹیٹ میں ڈیموکریٹک پرائمری میں جیت حاصل کرلی ہے۔ وہ ہندوستانی نژاد امریکی امیدوار ہیں جو کہ اپنی مہم میں تیزی پیدا کرتے ہوئے کامیابی کی راہ ہموار کر رہے ہیں۔ راما سوامی جنہوں نے جارج ٹاؤن یونیورسٹی سے گریجویشن کی تحصیل کی۔ ان کے والدین 1990ء میں ناٹماڈ سے امریکہ کو روانہ ہوئے۔ سوشیا اجنے پال جو کہ ہندوستانی امریکی کانگریس ویمن پرمیلا جے پال کی بہن ہیں انہیں اسٹیٹ آف اوریگان میں کانگریشنل پرائمری میں شکست ہوئی ہے۔ جہاں تک راما سوامی کا تعلق ہے ان کا کہنا ہیکہ اگر وہ جارجیا اسٹیٹ میں نمائندہ منتخب ہو جاتے ہیں تو وہ ایک پہلے ہندوستانی امریکی ہوں گے جنہوں نے مذکورہ مقام پر یہ موقف حاصل کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے۔

تھانے کی کیمیکل فیکٹری میں دھماکہ، 7 افراد ہلاک۔ 48 زخمی

ممبئی، 23 مئی۔ (انجنیئر) مہاراشٹرا کے تھانے ضلع کی ایک کیمیکل فیکٹری میں جمعرات کی دوپہر دھماکے سے 7 افراد ہلاک اور 48 زخمی ہوگئے۔ فائر بریگیڈ کی چار سے زائد گاڑیاں موقع پر پہنچ چکی ہیں۔ ڈومبیولی کیمیکل کمپنی میں دھماکے کے باعث قریبی عمارتوں کے شیشے ٹوٹ گئے۔ دھماکے سے کچھ گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ آگ پر قابو پانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ دھماکہ اتنا زوردار تھا کہ اس کی آواز دو کلومیٹر دور تک سنی گئی۔ مہاراشٹر کے نائب وزیر اعلیٰ دیویندر فرنویس نے ڈومبیولی آتشزدگی کے واقعہ پر نوٹس لیا ہے، انہوں نے کہا کہ ڈومبیولی ایم آئی ڈی سی میں امونیا نیسیکل کمپنی میں بوائلر چھٹنے کا واقعہ افسوسناک ہے۔ 8 افراد کو معطل کر دیا گیا ہے۔ زخمیوں کے علاج کیلئے انتظامات کیے گئے ہیں اور مزید ایمبولینس بھیجی گئی ہیں۔ دمکا کے دوران ڈی آر ایف، فائر بریگیڈ کی ٹیموں کو بلایا گیا ہے۔ ڈومبیولی کی ایک کیمیکل کمپنی میں آگ لگنے کا واقعہ انتہائی کرب خیز ہے۔ یہ بھی اطلاع ہے کہ پچھلے کرکن زخمی ہوئے ہیں اور میری دعا ہے کہ وہ سب جلد صحت یاب ہو جائیں۔ تاہم انتظامیہ کی جانب سے آگ بجھانے کی کوششیں جاری ہیں۔ آسمان پر اٹھتے کالے دھوئیں کے بڑے بڑے غبار دور سے بھی صاف دکھائی دے رہے ہیں۔

حج کی تیاریوں کے سلسلہ میں غلاف کعبہ کو اونچا کردیا گیا

مکہ مکرمہ، 23 مئی۔ (یو این آئی) حج کی تیاریوں کے سلسلے میں غلاف کعبہ کو 3 میٹر اونچا کر دیا گیا۔ حرمین شریفین کے انتظامی امور کی جنرل اتھاریٹی نے حج انتظامات کے سلسلے میں غلاف کعبہ کے نچلے حصے کو تقریباً 3 میٹر اونچا کر دیا ہے۔ خالی ہونے والے حصے کو چاروں اطراف سے تقریباً 2 میٹر چوڑے سفید سوتی کپڑے سے ڈھاک دیا گیا ہے۔ اس موقع پر امام کعبہ عبدالرحمٰن السدیس سمیت دیگر آئمہ کرام اور اعلیٰ عہدہ دار موجود تھے۔ غلاف کعبہ کو بلند کرنے کے لئے 10 کرینوں کی مدد سے 50 سے زائد ماہرین کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں۔ غلاف کعبہ 15 ذی الحج تک زمین سے 3 میٹر اوپر رہے گا، پہلی بار نہیں ہوا بلکہ ہر سال حج کے موسم پر غلاف کعبہ کی حفاظت کی خاطر ایسا کیا جاتا ہے۔ غلاف کعبہ کو اونچا کرنے کا مقصد حج کے ایام میں غلاف کو کسی بھی قسم کے نقصان سے محفوظ رکھنا ہے۔ خانہ کعبہ کا غلاف کی دہائیوں سے ہر سال ذی الحجہ کے اسلامی مہینہ میں حج کے موقع پر 9 ذی الحجہ کو تبدیل کیا جاتا ہے۔ رواں سال 14 سے 19 جون تک مناسک حج ادا کیے جائیں گے۔ ذی الحجہ کی 8 تاریخ سے حج کے ارکان شروع ہو جاتے ہیں۔ وزارت حج کا کہنا ہے ان دنوں حج ایام موسم گرما کے عروج کے وقت ہوں گے۔ حجاج کو چاہئے کہ وہ حفظان صحت کا خاص خیال رکھیں۔ گرمی سے بچاؤ کے لیے جنہیں باہر جانے وقت چھتری کا استعمال ضرور کریں۔ غیر ضروری جسمانی مشقت سے اجتناب کیا جائے۔ مناسک حج کی ادائیگی سے قبل ضروری ہے کہ وہ مشاعر مقدسہ (منیٰ، مزدلفہ اور عرفات) کے فاصلوں اور مختلف روٹس کے بارے میں آگاہی حاصل کریں تاکہ انہیں اپنے قیام کے مقام کی شناخت میں دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ حج پر نکلنے سے قبل جسمانی ورزش کا اہتمام کریں۔

گائے کے دودھ دینے سے قبل، گھی پر بحث: مودی

120 کروڑ عوام کے خوابوں کی تکمیل ہی میرا خواب۔ وزیر اعظم کا انتخابی جلسہ سے خطاب

مہندرگڑھ/ہریانہ، 23 مئی۔ (ایس این پی/انجنیئر) ہریانہ میں لوک سبھا انتخابات کی مہم کا آج آخری دن وزیر اعظم نریندر مودی باجیہ رام داس کی تپو بھومی گاؤں پالی میں پی جے پی کی وجے سنکلپ ریلی میں پہنچے۔ امیدواروں کیساتھ بی جے پی لیڈروں نے اپنی پوری طاقت جھونک دی ہے۔ وزیر اعظم مودی نے انتخابی ریلی میں کہا ہیں کہ وگرام کے نوجوانوں کو بھی بتانا چاہتا ہوں کہ اگلے 5 سال اس



ملک میں ایک بڑے انقلاب کا وقت ہونے والے ہیں۔ آپ کے تمام خواب پورے ہوں گے، کیونکہ آپ کے خواب مودی کے عزم ہیں۔ پچھلے 10 سالوں میں ہم نے کانگریس کے گناہوں کو دھونے کیلئے بہت محنت کی ہے۔ آج ہریانہ میں جدید شاہراہیں اور ایکسپریس وے بن رہے ہیں۔ اب نہ دہلی دور ہے نہ چنڈی گڑھ۔ ہریانہ کے کسان بھی کانگریس کی دھوکہ دہی کا شکار ہوئے ہیں۔ یہاں کانگریس نے کسانوں کے لیے آبپاشی کا بھی انتظام نہیں کیا۔ ہم نہریں جوڑ کر یہاں پانی پہنچا رہے ہیں۔ ہماری حکومت ہریانہ میں ایم ایس پی پر 14 فصلیں خرید رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انڈیا بلاک 5 سال میں 5 وزیر اعظم کی بات کر رہا ہے۔ کھچڑی اتحاد میں گائے کے دودھ دینے سے قبل گھی پر بحث شروع ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک وہ زندہ ہیں کوئی بھی دلتوں اور قبائلیوں کے لئے تحفظات چھین نہیں سکتا۔ اس چنا ؤ میں آپ صرف ملک کے وزیر اعظم کو منتخب کریں گے بلکہ ملک کے مستقبل کا فیصلہ کریں گے۔ ایک طرف آپ کا آزمودہ خدمت گذار مودی ہے، دوسری طرف کوئی نہیں جانتا کون ہے۔ کانگریس، عام آدمی پارٹی، ترنمول کانگریس، ڈی ایم کے فرقہ پرست، ذات پات پر یقین رکھنے والا اور اقربا پرور ہے۔ انھوں نے الزام لگایا کہ جب سے کانگریس اقتدار میں تھی اس نے ایودھیا میں رام مندر کی تعمیر کی اجازت نہیں دی۔ انہوں نے کہا کانگریس نے ہمارے ہریانہ کو لوٹنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی تھی۔ کانگریس 10 سال سے اقتدار سے باہر ہے، اس لیے وہ بہت گھبرا رہی ہے۔ کانگریس دصرف ہمارے ایمان کی بلکہ ہمارے ترنگے کی بھی توہین کرتی ہے۔ 70 سال تک کشمیر میں ترنگا کسی نے نہیں لہرانے دیا؟ کانگریس کی طرف سے۔ آج یہ لوگ کہہ رہے ہیں کہ اقتدار میں آتے تو دوبارہ 370 لگا دیں گے۔ ہریانہ میں رام رام کے بغیر کوئی کام نہیں ہوتا لیکن اگر کانگریس کی راستہ سے تو اسے ہریانہ میں رام کا نام لینے والوں کو گرفتار کرنا چاہیے۔ کانگریس پورے ملک سے رام کو ہٹانا چاہتی ہے۔

بی جے پی سے اتحاد کا سوال ہی نہیں: شرد پوار

ممبئی، 23 مئی۔ (ایس این پی/انجنیئر) شرد پوار نے واضح کیا کہ اگر لوک سبھا انتخابات میں بی جے پی کو اتحاد نہیں ملتا ہے تو وہ اس کے ساتھ اتحاد نہیں کریں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ بی جے پی کی پالیسیاں درست نہیں ہیں۔ ایسے میں اتحاد کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ نیوز پورٹل 'اے بی پی' پر نشر خبر کے مطابق انہوں نے یہ بات صحافی پرشانت کدم کو دیے گئے انٹرویو میں کہی۔ شرد پوار نے کہا کہ ذاتی تعلقات اور سیاسی فیصلوں میں فرق ہوتا ہے۔ قابل ذکر ہے کہ شرد پوار یہ دعویٰ کرتے رہے ہیں کہ لوگ اب ملک میں تبدیلی چاہتے ہیں۔ اس سے پہلے کئی مواقع پر انہوں نے کہا تھا کہ اب ملک میں مودی کی لہر نہیں ہے۔ شرد پوار نے مرکز کی بی جے پی حکومت کے خلاف محاذ کھول دیا ہے۔ مہاراشٹر میں، شرد پوار نے کانگریس اور اجتماعی فکر کے شیو سینا (یو بی ٹی) کے ساتھ الیکشن لڑا۔ یہ تینوں پارٹیاں قومی سطح پر انڈیا الائنس کا حصہ ہیں۔ مہاراشٹر کی تمام 48 لوک سبھا سیٹوں پر ووٹنگ ختم ہو چکی ہے اور نتیجہ 4 جون کا انتظار کر رہے ہیں جب نتائج آئیں گے۔ شرد پوار نے مہاراشٹر میں مہا وکاس اگھاڑی کی جیت کا دعویٰ کیا ہے۔ انہیں یقین ہے کہ عوام ریاست میں این ڈی اے کو سبق سکھائیں گے۔ این ڈی اے میں بی جے پی، شیو سینا اور این سی پی شامل ہیں۔

ایتابھ بچن کے ہم شکل اداکار فیروز خان کا انتقال

بدایوں، 23 مئی۔ (انجنیئر) بھاجپی جی گھر پر بی سیریئل کے اداکار فیروز خان کا دل کا دورہ پڑنے سے اتر پردیش کے بدایوں میں انتقال ہوگیا۔ اداکار مختلف شوز میں ایتابھ بچن کی نقل اتارنے کے لئے مشہور تھے۔ فیروز نے بنجا چھت پر ہیں' صاحب، بی بی اور باس' ہیچو کی لٹن پٹلن جیسے شوز میں حصہ لیا۔ شاہ رخ خان کے ہم شکل اداکار دردکا ریکوار نے انسٹاگرام پر فیروز خان کے انتقال کی اطلاع دی۔ انھوں نے لکھا کہ آج ہمارے بچ فیروز خان بھائی جان (جونیئر امتابھ بچن) نہیں رہے۔

ناکیجریا میں دم گھٹنے کے نتیجے میں 7 یونیورسٹی طالب علم ہلاک

ابوجا، 23 مئی۔ (انجنیئر) ناجیریا میں، جنریٹر کے دھوئیں کی وجہ سے دم گھٹنے کے نتیجے میں، ایک سیوک اسٹوڈیو میں مقیم 7 یونیورسٹی طالب علم ہلاک ہو گئے ہیں۔ اطلاع کے مطابق صوبہ باکیلا میں، کوئی نام البدل نہ ہونے کی وجہ سے، میوزک اسٹوڈیو میں مقیم یونیورسٹی طالبعلم نیند کے دوران جنریٹر کے پیدا کردہ دھوئیں سے متاثر ہوگئے ہیں۔ نیند کے دوران دم گھٹنے کے نتیجے میں 7 نوجوان ہلاک ہو گئے اور بعض کو ہسپتال پہنچا دیا گیا ہے۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کروادی ہیں۔

مختصر خبریں

پانچویں مرحلے میں 62.60 فیصد ووٹنگ

نئی دہلی، 23 مئی۔ (انجنیئر) لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے میں 8 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی 49 سیٹوں کیلئے 62.2 فیصد ووٹروں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ الیکشن کمیشن نے جمعرات کو کہا کہ اس مرحلے کیلئے 20 مئی کو ووٹ ڈالے گئے اور تمام 49 سیٹوں پر 62.2 فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی۔ مردوں کی ووٹنگ کا تناسب 61.48 فیصد، جبکہ خواتین کا 63 فیصد رہا۔ اس کے علاوہ ٹرانس جینڈر ووٹرز کا تناسب 21.96 تھا۔ کمیشن کے مطابق مغربی بنگال میں سب سے زیادہ 78.45 فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی۔ ووٹنگ کے پانچویں مرحلے کیساتھ ہی کل 543 سیٹوں میں سے 428 سیٹوں پر ووٹنگ کا عمل ختم ہوگیا ہے۔

صدر ایران ابراہیم رئیسی کا جسد خاکی سپرد لحد

تہران، 23 مئی۔ (انجنیئر) ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کو مقدس شہر مشہد میں روضہ امام رضا کے قریب خاک کے سپرد کر دیا گیا۔ اس موقع پر لاکھوں افراد جمع تھے۔ ابراہیم رئیسی، وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان، مشرقی آذربائیجان کے گورنر اور تبریز شہر کے امام جمعہ پچھلے اتوار کو ایک ہیلی کاپٹر حادثہ میں جاں بحق ہوئے تھے۔ مشہد میں میت لانے سے پہلے تہران صوبہ میں ان کی نماز جنازہ ادا کی گئی۔ چہارشنبہ کو رہبر اعلیٰ آیت اللہ سید علی خامنہ ای نے تہران میں رئیسی اور ان کے ساتھیوں کی نماز جنازہ پڑھائی تھی۔ نماز جنازہ میں لاکھوں افراد نے شرکت کی۔ کئی عالمی لیڈرس، سفیروں اور اہم شخصیتوں نے ایران پہونچتے ہوئے رئیسی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا۔

بنگلور کی تین ہوٹلوں کو بم دھماکہ سے اڑانے کی دھمکی، پولیس متحرک

بنگلورو، 23 مئی۔ (انجنیئر) کرناٹک کے بنگلورو کی تین مشہور ہوٹلں کو بم رکھنے کی دھمکی موصول ہوئی ہے جس کے بعد لوگ دہشت زدہ ہوگئے۔ واضح رہے کہ ملک کے مختلف علاقوں میں اس طرح کی دھمکیاں ملنے کی اطلاعات ہیں۔ گذشتہ روز دہلی کے ناتھ بھاون میں بھی دھمکی آمیز میل موصول ہوا تھا۔ تازہ طور پر بنگلور میں اوبیرا ہوٹل کے علاوہ دیگر دو ہوٹلوں کو آج دھمکی آمیز میل موصول ہوا جس میں ہوٹل کو بم دھماکے سے اڑا دینے کی دھمکی دی گئی ہے۔ دھمکی آمیز میل بھیجنے والے شخص کی شناخت داؤدی جیوال کے طور پر ہوئی ہے جبکہ یہ خود کو ایک سینئر آئی پی ایس افسر کا بیٹا ہونے کا دعویٰ کر رہا ہے۔ اس نے میل ہوٹلوں کے فرنٹ ڈیسک پر بھیجے ہیں۔ دھمکی آمیز میل موصول ہونے ک